PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

پی سی بی نے ایسوسی ایشنز کرکٹ ٹیموں کے انتخاب کا جائزہ لینے کے لیے آزاد ماہرین پر مشتمل پینل ترتیب دے دیا

- مصباح الحق، راشد لطیف اور ندیم خان جمعرات کو لاہور میں ملاقات کریں گے
- ملک میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں، کوشش کریں گے تمام ٹیموں کے لیے بہترین کھلاڑیوں کا انتخاب کریں، راشد لطیف
- تین رکنی آزادانہ پینل کے قیام سے ایسوسی ایشن کرکٹ ٹیموں میں کھلاڑیوں کا انتخاب اقربا پروری اور پسندیدگی کی بجائے میرٹ اور شفافیت پر مبنی ہوگا، وسیم خان

لاہور،20اگست 2019ء:

پاکستان کرکٹ بورڈ نے آئندہ ڈومیسٹک سیزن کے لیے 6 کرکٹ ایسوسی ایشنز کی ٹیموں کے انتخاب کا جائزہ لینے کے لیے 3 رکنی آزاد ماہرین پر مشتمل پینل ترتیب دے دیا ہے۔

3 رکنی آزادنہ پینل جمعرات کو قذافی اسٹیڈیم میں کھلاڑیوں کے ناموں کا جائزہ لے گا جس کے بعد ڈومیسٹک سیزن 20-2019 کے لیے 6 کرکٹ ایسوسی ایشنز کی ٹیموں کا اعلان کیا جائے گا۔

ابتدائی اسکواڈ کا انتخاب قومی کرکٹ ٹیم کی گذشتہ سلیکشن کمیٹی کے ممبران وجاہت اللہ واسطی، توصیف احمد اور وسیم حیدر کے علاوہ اکرم رضا، اعظم خان، اعجاز احمد جونیئر، راج ہنس اور جونیئر سلیکشن کمیٹی کے ممبران نے کیا ہے۔ جونیئر سلیکشن کمیٹی میں سلیم جعفر، توفیق عمر، ارشد خان اور راؤ افتخار انجم شامل ہیں۔

آزادانہ پینل تمام ایسوسی ایشنز کے لیے 32 کھلاڑیوں کی فہرست کو حتمی شکل دینے کے ساتھ ساتھ فرسٹ اور سیکنڈ الیون کے لیے کپتانوں کے نام بھی تجویز کرے گا۔ ہر ایسوسی ایشن کے لیے فائنل کیے جانے والے تمام 32 کھلاڑیوں کو ایک سال کے لیے پی سی بی کی جانب سے سنٹرل کنٹریکٹ دیا جائے گا۔

وسیم خان، پی سی بی چیف ایگزیکٹو:

اس موقع پر پی سی بی کے چیف ایگزیکٹو وسیم خان کا کہنا ہے کہ پاکستان کرکٹ بورڈ کی جانب سے قیام کردہ تین رکنی آزادانہ پینل تمام کھلاڑیوں کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے بعد ہر ایسوسی ایشن کے لیے متوازن اسکواڈ کا اعلان کرے گا۔ تینوں سابق کرکٹرز ڈومیسٹک کرکٹ میں وسیع تجربہ رکھتے ہیں۔

وسیم خان نے کہا کہ قومی کرکٹ ٹیم کی سلیکشن کمیٹی کی عدم موجودگی میں پی سی بی نے گذشتہ سلیکشن کمیٹی ممبران، موجودہ جونیئر سلیکشن کمیٹی کے اراکین اور کوچز کی مشاورت سے ابتدائی اسکواڈ تیار کیا ہے۔

چیف ایگزیکٹو پی سی بی وسیم خان نے کہا کہ تین رکنی آزادانہ پینل کے قیام سے ایسوسی ایشن کرکٹ ٹیموں میں کھلاڑیوں کا انتخاب اقربا پروری اور پسندیدگی کی بجائے میرٹ اور شفافیت پر مبنی ہوگا۔

وسیم خان نے ابتدائی اسکواڈ تیار کرنے پر تمام ممبران کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ امید ہے 3 رکنی آزادانہ پینل کی جانب سے تیار کردہ حتمی اسکواڈ سے قومی ڈومیسٹک کرکٹ اور پی سی بی کی ساکھ کو تقویت ملے گی۔

راشد لطیف:

اس موقع پر راشد لطیف کا کہنا ہے کہ پی سی بی کی جانب سے اہم ذمہ داری سونپے جانے پر مشکور ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ہم بہترین اسکواڈ کا انتخاب کریں گے۔

راشد لطیف نے کہا کہ ہم ایک مضبوط ڈومیسٹک کرکٹ اسٹرکچر دیکھنا چاہتے ہیں۔ ڈومیسٹک کرکٹ میں مقابلے کی فضاء بڑھا کر ہم ڈومیسٹک اور انٹرنیشنل کرکٹ کے درمیان فرق کو کم کرسکتے ہیں۔

راشد لطیف کا کہنا ہے کہ ملک میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں ہے، کوشش کریں گے تمام ٹیموں کے لیے بہترین کھلاڑیوں کا انتخاب کریں۔

کرکٹ ایسوسی ایشنز کی کرکٹ ٹیمیں آئندہ ڈومیسٹک سیزن کے دوران قائداعظم ٹرافی، قومی ٹی ٹونٹی کپ اور پاکستان کپ ایک روزہ کرکٹ ٹورنامنٹ میں شرکت کریں گی۔ سیزن 20-2019 12 ستمبر سے 24 اپریل تک جاری رہے گا۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

Commercial Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealpcb

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4